سوال

کیا بیوہ عورت دوران عدت بازار میں ضروری اشیاء خریدنے جا سکتی ہے ؟

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر، بعد ازاں :

" بیوہ عورت کو دوران عدت اپنی ضروریات کی اشیاء خریدنے بازار جانا اور ہاسپٹل میں علاج کرانے جانا جائز ہے، اسی طرح اسے طلب علم کےلیے جانا بھی جائز ہے؛ کیونکہ طلب علم تو سب سے اہم ضروریات میں شامل ہے، لیکن دوران عدت اسے زیبائش کی اشیاء اور خوشبو اور سونے چاندی اور لولو کے زیور استعمال کرنے جائز نہیں، دوران عدت بیوہ کو درج ذیل پانچ امور سے اجتناب کرنا ہوگا :

اول :

اگر میسر ہو تو بیوہ اسی گھر میں عدت بسر کرے جہاں وہ خاوند کے فوت ہوتے وقت رہ رہی تھی

دوم :

خوبصورت لباس زیب تن کرنے سے اجتناب کرنا

سوم :

خوشبو استعمال کرنے سے اجتناب کرنا، لیکن حیض سے طہر کے وقت خوشبو کی دھونی لینا جائز ہے

چہارم :

سرمہ اور مہندی لگانے سے اجتناب کرنا؛ کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے احادیث ثابت ہیں، جو مندرجہ بالا امور پر دلالت کرتی ہیں "

اللہ سبحانہ و تعالی ہی توفیق دینے والا ہے " انتہی .

الاسلام سوال و جواب

128010